© rasailojaraid.com



صرف قرآن مجید اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ ہیں۔ بیع مبرور، سود، بیمہ اور انعامی بونڈ وغیرہ اندوزی، کنٹرول اور بلیک مارکیٹ، اقسام تجارت، تجارت کے متعلق مسائل و احکام، تجارت کی پسندیدہ صورتیں، ناپ تول کے پیمانے، قرض، رہن اور دیوالیہ، عاریت و امانت، اموال تجارت اور زکوٰۃ، محل نصاب، زکوٰۃ کی وصولی کے متعلق احکام، مال زکوٰۃ کی تشخیص وغیرہ اہم مسائل کو فقط قرآن و حدیث کے نقطۂ نظر سے بیان کیا گیا ہے۔ کتاب کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ لائق مصنف نے بڑی محنت سے مواد جمع کیا ہے اور بہتر اسلوب سے اس کو قارئین کے سامنے رکھ دیا ہے۔ اس قسم کی کتابوں کی عام اشاعت ہونی چاہیے اور ہر پڑھے لکھے شخص کو ان سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

## قائدِ اعظم دی وار

**تصنیف** : مسعود منوّر

**ناشر** : پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، لاہور

**ملنے کا پتہ** : پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، ۶ دیال سنگھ مینشن، شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

**صفحات** : ۱۰۴ - قیمت سات روپے پچھتر پیسے

پنجابی ادبی بورڈ، لاہور کی مطبوعات میں زیر نظر کتاب — قائد اعظم دی وار — کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس میں قیام پاکستان کے بارے میں قائد اعظم کی تگ و تاز کو پنجابی نظم کے قالب میں ڈھالا گیا ہے۔ پنجاب کے لوگ پنجابی شعر اور نظم کے ہمیشہ دلدادہ رہے ہیں، اور واقعہ یہ ہے کہ یہ کتاب ان کے مزاج کے عین مطابق ہے۔ شاعر کا یہ کمال ہے کہ اس نے ماہ و سال کی ترتیب اور تسلسل کے ساتھ اس تحریک کے واقعات کو خوب صورت انداز میں اشعار کا جامہ پہنا دیا ہے۔

جو لوگ پنجابی شعر و ادب سے دلچسپی رکھتے ہیں، اس کے مطالعہ سے تمام واقعات تاریخ وار اُن کے سامنے آجائیں گے۔

"قائد اعظم دی وار" ظاہری خوبیوں سے بھی آراستہ ہے۔ یعنی کاغذ، کتابت، طباعت شاندار ہے۔

(م - ا - ب)

---

© rasailojaraid.com